
# سچائی کی تلاش
# THE SEARCH FOR TRUTH





## سچائی کی تلاش

نبی اکرمﷺ بچوں کے لئے

حضرت محمدﷺ اللہ کا پیغام لے کر آخری رسول کی حیثیت سے ہمارے پاس آئے۔ آپؐ کی سیرت سے لیے گئے یہ واقعات ہمیں اپنی روزمرہ کی تمام سرگرمیوں میں صحیح راہ دکھاتے ہیں۔ درحقیقت ہم سب کے لیے صحیح زندگی گزارنے میں آپؐ کی زندگی ایک مثال ہے۔




"نبی اکرمﷺ بچوں کے لیے" سیریز خاص طور پر بچوں کو خوبصورت اور دلکش انداز میں نبی اکرمﷺ کی زندگی کے بارے میں جاننے اور سمجھنے کے قابل بنانے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے۔ بچوں کو نبی اکرمﷺ کی زندگی اور پیغام کے معنی اور مقصد کی وضاحت کرنے کا یہ ایک عمدہ طریقہ ہے۔ سادہ متن اور رنگین تصاویر ننھے متحرک ذہنوں کو موہ لیں گی۔

HermainQuranSchool@gmail.com HermainQuranSchool +923187782560 Hermain Quran School

At the age of 25 years, the Prophet Muhammad ﷺ was married to a widow, whose name was Khadijah ﵂ . She came from the family of merchants. The marriage gave him every opportunity to lead a comfortable life as a wealthy and respected noble man of Makkah.

25 سال کی عمر میں، حضرت محمد ﷺ نے ایک بیوہ سے شادی کی، جن کا نام خدیجہؓ تھا۔ وہ تاجروں کے خاندان سے تھیں۔ اِس شادی نے آپؐ کو مکہ مکرمہ کے ایک امیر اور قابل احترام آدمی کی طرح آرام سے زندگی گزارنے کا ہر موقع فراہم کیا۔





And, indeed, for a few years the Prophet Muhammad ﷺ did lead a calm and quiet life as a merchant.

اور، واقعی، حضرت محمد ﷺ نے چند سالوں تک تاجر کی حیثیت سے چین اور سکون کی زندگی بسر کی۔

But he soon gave up all worldly activity and set himself to searching for the truth.

لیکن آپ نے جلد ہی تمام دنیاوی سرگرمیوں کو ترک کر دیا اور خود کو سچ کی تلاش میں لگا دیا۔

HERMAIN QURAN SCHOOL







Instead of meeting people all the time in their homes and at gatherings, and trying to gain for himself a position among the nobility of Makkah, the Prophet Muhammad ﷺ would wander into the barren hills of the desert.

گھروں اور محفلوں میں ہر وقت لوگوں سے ملنے
اور مکہ مکرمہ کے امیروں میں اپنا مقام بنانے کی
کوشش کرنے کے بجائے، حضرت محمد ﷺ صحرا
کی بنجر پہاڑیوں میں گھومتے۔











He would sit for hours and ponder over the mysteries of creation.

آپ تخلیق کائنات کے رازوں کے
بارے میں گھنٹوں سوچتے رہتے۔



HERMAIN QURAN SCHOOL



The vast silence of the desert, with endless sand and sky and, at night, equally endless darkness, alive only with the twinkling of millions and millions of tiny stars, seemed to bring one very close to the Creator.

صحرا کی لمبی خاموشی، لامحدود ریت اور آسمان، لاکھوں
ٹمٹماتے ستاروں کے ساتھ رات کی لامحدود تاریکی، یہ سب
بنانے والے ''خالق'' کے بہت قریب ہونے کا پتہ دیتے۔

HERMAIN QURAN SCHOOL


HERMAIN QURAN SCHOOL

Often the Prophet Muhammad ﷺ would stay alone for days in the Cave of Hira, which was on the top of Jabal al-Nur, or the Mountain of Light. It was situated three miles from Makkah.

حضرت محمد ﷺ اکثر غار حرا میں کئی کئی دن تنہا رہتے، جو جبل النور، یا روشنی کے پہاڑ کی چوٹی پر تھا۔ یہ مکہ مکرمہ سے تین میل دور تھا۔

HERMAIN QURAN SCHOOL





He would return home only for more supplies of food and water, and then go back to the solitude of nature to pray and meditate.

وہ صرف مزید خوراک اور پانی کے لئے گھر واپس آتے، اور پھر عبادت اور غور وفکر کے لئے قدرت کی تنہائی میں واپس چلے جاتے۔

HERMAIN QURAN SCHOOL





He would sit there for hours and hours asking the Maker of the heavens and the earth for answers to the questions that surged in his mind.

وہ وہاں گھنٹوں بیٹھ کر زمین و آسمان
کے خالق ''خدا'' سے وہ سوال کرتے
جو ان کے ذہن میں اُبھرتے۔

HERMAIN QURAN SCHOOL

What is man's true role in life? What does the Lord require of us, as His servants? From where does man come, and where will he go after death?

انسان کی زندگی کا مقصد کیا ہے؟ خدا ہم سے اپنے بندے
کے حیثیت سے کیا چاہتا ہے؟ انسان کہاں سے آیا ہے اور
مرنے کے بعد کہاں جائے گا

HERMAIN QURAN SCHOOL





On the twelfth of February, 610A.D., the Prophet Muhammad ﷺ, now forty years of age, went to the Cave of Hira to spend Ramadan, the traditional month of retreat.

بارہ فروری ۶۱۰ء کو حضرت محمد ﷺ، جو چالیس سال کی عمر میں تھے، غار حرا میں رمضان، اعتکاف کا روایتی مہینہ گزارنے گئے۔

HERMAIN QURAN SCHOOL



## Questions

At which age did the Prophet Muhammad ﷺ marry Hazrat Khadijah ؓ ?

.................................................................................................

Where did the Prophet Muhammad ﷺ wander in search of truth?

.................................................................................................

What was the name of the cave in which the Prophet ﷺ would stay?

.................................................................................................


What was the name of mountain having that cave?

.................................................................................................

What was the age of the Prophet ﷺ when the angel came to him with few verses of the Quran?

.................................................................................................

HERMAIN QURAN SCHOOL



He was sitting all alone in the Cave, when he had an extraordinary experience. An angel came to him in human form in the cave and taught him the first few verses of the Quran. Thus Allah appointed him as the final prophet to humanity.

آپ غار میں بالکل تنہا بیٹھے تھے، جب
آپ کو غیر معمولی تجربہ ہوا۔ غار میں
ایک فرشتہ انسانی شکل میں آپ کے
پاس آیا اور آپ کو قرآن کی پہلی چند
آیات سکھائیں۔ اس طرح اللہ نے
آپ کو انسانیت کا آخری نبی مقرر کیا۔